فتاویٰ

سوال:- مردار یا جھٹکا کی کھال کی خرید و فروخت جائز ہے یا نہیں۔ محمد اسمٰعیل نوشہرہ پنواں ضلع امرتسر

جواب:- دباغت سے پہلے خرید و فروخت ناجائز اور ممنوع ہے اور دباغت کے بعد جائز اور درست ہے عن ابن عباس قال تصدق علی مولاة لمیمونة بشاة فماتت فمر بها رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال هلا اخذتم اهابها فدبغتموه فانتفعتم به فقالوا انها میتة فقال انما حرم اکلها (مسلم وغیرہ)

سوال

(۱) دس سال کی عمر کا لڑکا بالغ ہے یا نابالغ؟ (۲) اس کے جنازہ کی نماز میں کونسی دعا پڑھنی چاہیے؟ (۳) اس کے لئے دعا مغفرت (۴) اور سویم وغیرہ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ محمد سلیم۔ کروی۔ باندا۔

جواب (۱) پندرہ برس کی عمر سے پہلے جماع یا بغیر جماع کے بیداری یا خواب میں انزال ہونے سے لڑکا شرعاً بالغ ہوجاتا ہے اور پندرہ برس کی عمر کو پہنچ جانے پر بغیر انزال کے بھی شرعاً بالغ سمجھا جائیگا۔ قال الحافظ فی الفتح قد اجمع العلماء علی ان الاحتلام فی الرجال والنساء یلزم به العبادات والحدود وسائر الاحکام وهو انزال الماء الدافق سواء کان بجماع او غیره وسواء کان فی الیقظة او فی المنام واجمعوا علی ان لا اثر للجماع فی المنام الا مع الانزال۔ انتهی عن ابن عمر قال عرضت علی النبی صلی الله علیه وسلم یوم الخندق فلم یجزنی ولم یرنی بلغت (عبد الرزاق وابو عوانة وابن حبان) قال الحافظ فی الفتح واستدل بقصة ابن عمر علی ان من استکمل خمس عشرة سنة اجریت علیه احکام البالغین وان لم یحتلم فیکلف بالعبادات واقامة الحدود الخ گرم ملکوں میں بعض لڑکے دس گیارہ برس کی عمر میں محتلم ہوجاتے ہیں کما فی تهذیب التهذیب ص۳۳۷ ج۵ فی ترجمة عبد الله بن عمرو بن العاص لم یکن بینه و بین ابیه فی السن سوی احدی عشرة سنة۔ معلوم ہوا دس برس کی عمر میں احتلام کے ذریعہ بالغ ہونے کا احتمال ہے والعشر من احتمال البلوغ بالاحتلام (السراج المنیر)

(۲) نابالغ بچے کی نماز جنازہ میں بہتر یہ ہے کہ یہ دعا پڑھی جائے۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّاَجْرًا۔ اذا کان المصلی علیه طفلا استحب ان یقول المصلی اللهم اجعله لنا سلفا وفرطا واجرا۔ روی ذلک البیهقی من حدیث ابی هریرة وروی مثله سفیان فی جامعه عن الحسن (نیل الاوطار ص۱۰۶ ج۴)

(۳) حنابلہ اور احناف بچے کے لئے دعا استغفار کے قائل نہیں ہیں۔ ففی الهدایة ولا یستغفر للصبی ولکن یقول